Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۹ رمضان المبارک ۱۳۵۲ھ مطابق ۶ جنوری ۱۹۳۴ء جلد ۲۶

حصہ اول

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	رخصت گاڈوین صاحب بہادر عالیجناب نواب ولیعہد صاحب بہادر دام اقبالہم	۲
(۲)	رخصت رجسٹرار صاحب صدر	۲
(۳)	منظوری تتمہ قانون سوم مدالت ریاست رامپور	۲ و ۳

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم — ۳۱ دسمبر ۱۹۳۳ء

ذریعہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر گارڈین صاحب بہادر عالیجناب نواب سعید خاں صاحب دام اقبالہم باستدعائے منظوری رخصت رعایتی یکماہ از تاریخ استفادہ بغرض روانگی وطن خود بذمہ داری لفٹننٹ کرنل عبد الحکیم خان صاحب۔

حکم

بموجب رپورٹ گارڈین صاحب بہادر کی یوم استفادہ سے ایک ماہ کی رخصت منظور ہے۔ ایام رخصت میں لفٹننٹ کرنل عبد الحکیم خان بہادر کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

حکم — ۳ جنوری ۱۹۳۴ء

ذریعہ عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے عطائے اجازت تعطیلات (۵ لغایتہ ۹ جنوری ۱۹۳۴ء) مطلوبہ مولوی ضیاء اللہ خان رجسٹرار صدر بغرض روانگی بریلی وغیرہ بدیں صراحت کہ ایام تعطیلات میں صیغہ رجسٹری کا ضروری کام مولوی علاء الحق صاحب سول جج انجام دیں گے۔

حکم

بموجب رپورٹ مولوی ضیاء اللہ خان رجسٹرار صدر کو بریلی وغیرہ جانے کے لئے ۵ جنوری لغایتہ ۹ جنوری ۱۹۳۴ء کی اجازت دیجاتی ہے۔ کاغذات صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بمنشائے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳ جنوری ۱۹۳۴ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

روبکار — ۴ جنوری ۱۹۳۴ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

ترمیم قانون رسوم عدالت ریاست رامپور مصدرہ ۱۹۳۳ء منسلکہ ہذا جو کمیٹی قانون ساز میں پیش ہو کر پاس ہو چکا ہے مقررون ملاحظہ ہوا۔ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو اور ایک نقل روبکار ہذا کی مع نقول عرضداشت و ترمیم قانون منسلکہ درج گزٹ ہو۔

بمنشاء حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۳ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض   جناب عالی   پیرساند

ترمیم مسلکہ متعلق قانون رسوم عدالت کمیٹی قانون سازی میں پیش ہو کر پاس ہوا ہے۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے منظوری و طباعت کے لئے رپورٹ کی ہے جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔ ترقیم ارشاد ہو کہ بارگاہ ہمایوں سے حکم منظوری و اندراج گزٹ شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

عرض

ترقیم دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۳ جنوری سنہ ۱۹۳۴ء

ترمیم قانون رسوم عدالت ریاست رامپور مصدرہ سنہ ۱۹۳۴ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون رسوم عدالت مصدرہ سنہ ۱۹۳۲ء مطبوعہ گزٹ ۲۵ جون سنہ ۱۹۳۲ء میں مناسب ترمیم کیجائے۔ لہذا حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے۔

نام قانون } دفعہ ۱۔ اس قانون کا نام "ترمیم قانون رسوم عدالت ریاست رامپور مصدرہ سنہ ۱۹۳۴ء" ہوگا۔

تاریخ نفاذ } دفعہ ۲۔ اس قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔

قانون رسوم عدالت سنہ ۱۹۳۲ء کے ضمیمہ اول میں مد ۶۔ الف کا اضافہ } دفعہ ۳۔ قانون رسوم عدالت ریاست رامپور مطبوعہ گزٹ ۲۵ جون سنہ ۱۹۳۲ء کے ضمیمہ اول کی مد ۶ کے بعد حسب ذیل مد ۶۔ الف اضافہ کیجائے۔

(۶۔ الف) نقل یا ترجمہ فیصلہ یا حکم عدالت فوجداری ۔۔۔ ۲/

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

روبکار عدالت — واقع ۵ جنوری ۱۹۳۳ء

(۱) بدولت واقبال ۷ جنوری ۱۹۳۳ء کی صبح کو ۹ بجے نفست فرما جوگی پورہ ہوں گے۔ اسی روز شام کو ڈیرہ دون اور ۹ جنوری ۱۹۳۳ء کو سہارنپور رونق افروز ہوکر ۱۰ جنوری ۱۹۳۳ء کو علی الصباح مراجعت فرمائے رامپور ہوں گے۔

(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر، صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر، صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اور کپتان امتیاز حسین اسٹاف سرجن بدولت واقبال کے ہمرکاب جائیں گے۔

ہماری غیر موجودگی میں حسب ذیل انتظام رہیگا۔

۳۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کو اختیار دیا جاتا ہے کہ اجلاس ہمایوں کے وہ کاغذات جن میں کوئی خاص اہمیت نہ ہو بائی آرڈر لکھکر اپنے دستخط سے جاری کریں۔ صاحب چیف منسٹر بہادر کا کام بھی صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر انجام دیں گے اور صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر کا کام صاحب فائنس منسٹر بہادر کے متعلق رہیگا۔

۴۔ اگر ہماری غیر موجودگی میں کوئی خاص واقعہ پیش آجائے تو جملہ منسٹر صاحبان بہادر موجودہ رامپور مشورہ باہمی کریں۔ جو امر بعد مشورہ طے ہو اسکی تعمیل مثل حکم بدولت واقبال کے متصور ہوگی۔

۵۔ صاحب فائنس منسٹر بہادر شبانہ روز خاص باغ میں اور صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر شبانہ روز قلعہ میں رہیں گے۔

۶۔ زنانہ کے متعلق جملہ امور کا انتظام صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کے سپرد رہے گا۔

۷۔ ٹیلیفون پر خاص باغ اور قلعہ میں خاص طور پر انتظام رکھا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بواسطہ اجرائے احکام خاص بعد از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ۔ ایک ایک نقل روبکار ہذا کی جملہ منسٹر صاحبان بہادر سکریٹری صاحبان بہادر افسران صیغہ جات کونسل خاندان اور جنیک کو بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نقل نے حکم سررشتہ صدر سے احکام خاص جاری ہوں۔ اور درج گزٹ ہو۔

۵ جنوری ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔